efu LIFE

Soneri Bank
Roshan Har Qadam

# ای ایف یو رہبر

## کمپلیٹ کور پلان

سونیری بینک آپ کے لئے پیش کرتا ہے ایک جامع ۔ **ای ایف یو رہبر کمپلیٹ کور پلان** جو آپ کی صحت اور زندگی دونوں کیلئے ایک ڈھال کے طور پر کام کرتا ہے۔ جہاں، کسی بھی وجہ سے (طبعی یا حادثاتی) موت کی صورت میں آپ کے پیاروں کو ایک یکمشت رقم فراہم کی جائے گی۔ ہسپتال میں داخلے کی صورت میں ہونے والے اخراجات کیلئے یومیہ ہسپتال نقد فائدہ فراہم کیا جائے گا اور آئی سی یو میں داخلے کی صورت میں یہ یومیہ ہسپتال نقد فائدہ دگنا ہو جائے گا۔ خدانخواستہ اگر آپ موجود نہ ہوں تو آپ کے پیاروں کو مالی طور پر محفوظ رکھنے کیلئے آمدنی کے تسلسل کے اضافی فائدے کا پہلو بھی پیش کرتا ہے۔ یہ پلان بینفیشریز (فائدہ حاصل کرنے والوں) کو ایک سال کی مدّت کے لئے ایک مقررہ ماہانہ آمدنی فراہم کرتا ہے تاکہ وہ پرسکون طور پر اپنی زندگیاں گزار سکیں۔

اس پلان کی بیمہ کاری ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹیڈ نے کی ہے

## پلان کے فوائد کیا ہیں؟

مختلف پلانز جو دستیاب ہیں:

| اقسام | ٹرم لائف فائدہ | یومیہ ہسپتال نقد فائدہ | یومیہ ہسپتال نقد فائدہ (آئی سی یو) | جاریہ ماہانہ آمدنی کا فائدہ | سالانہ پریمیئم |
|---|---|---|---|---|---|
| برونز | 200,000 | 2,000 | 4,000 | 20,000 | 4,000 |
| سلور | 250,000 | 3,000 | 6,000 | 50,000 | 6,000 |
| گولڈ | 500,000 | 4,000 | 8,000 | 50,000 | 8,000 |
| پلاٹینم | 750,000 | 5,000 | 10,000 | 50,000 | 10,000 |

تمام رقوم پاکستانی روپے میں ہیں

**اہم معلومات:**

## کس عمر میں پلان کیلئے اپنا اندراج کرواسکتا ہوں؟

آپ 18 سال کی عمر سے پلان میں اندراج کرواسکتے ہیں جب تک کہ آپ 64 سال کے ہوں اور یہ پلان آپ کو تحفّظ فراہم کرے گا جب تک کہ آپ کی عمر 65 سال ہو جائے۔

## اس پلان کے تحت کون سے واقعات کو تحفّظ حاصل ہے؟

یہ پلان کسی بھی وجہ سے وفات اور کسی بھی وجہ (بیماری اور حادثہ) سے ہسپتال میں داخلے کی صورت میں تحفّظ فراہم کرتا ہے۔

## یہ پلان مجھے کب تک تحفّظ میں رکھے گا؟

یہ ایک سالانہ قابل تجدید (renewable) پلان ہے جو آپ کو ایک سال کے دورانئے /مدّت کے لئے مکمل تحفّظ فراہم کرتا ہے۔

## تحفّظ میں کون سی وجوہات شامل نہیں ہیں؟

استثنٰیات درج ذیل ہیں:

ہسپتال نقد کیلیئے

الف) پہلے سے موجود کیفیت جس میں بیماری اور معذوری یا جسم کو پہنچنے والی ضرب جو اس تحفّظ سے قبل موجود ہو، جس کو پلان میں اندراج کی تاریخ سے 90 دن بعد تحفّظ حاصل ہے

ب) دانتوں، زچگی، حمل ضائع ہونے، بچے کی پیدائش، مِس کیرج یا کوئی مہلک بیماری جو خاتون کے تولیدی غدود کے سلسلے میں پیدا ہو

ج) دانستہ طور پر از خود کوئی چوٹ لگانا، اقدام خودکشی، الکحل کا استعمال، منشیات کی علّت یا ناجائز استعمال یا تحفّظ شدہ شخص کے کسی غیر قانونی عمل کے نتیجے میں جنسی طور پر منتقل ہونے والی بیماریوں یا چوٹوں کا علاج

### وفات کی صورت میں فائدے کے لئے (ٹرم لائف اور جاریہ ماہانہ آمدنی کا فائدہ)

الف) دانستہ طور پر از خود کوئی چوٹ لگانا، خودکشی، کسی مجرمانہ فعل، قانون کی خلاف ورزی میں حصّہ لینا

ب) بیماری اور معذوری یا جسم کو پہنچنے والی ضرب سے پیش آنے والی پہلے سے موجود کیفیت جو اس تحفّظ سے قبل موجود ہو، جس کو پلان میں اندراج کی تاریخ سے 90 دن بعد تحفّظ حاصل ہے

## کیا کوئی اور بھی اہم تفصیلات ہیں جن سے مجھے آگاہ ہونے کی ضرورت ہے؟

یقیناً، آپ کو درج ذیل سے آگاہ ہونا چاہیے:

الف) اخراج کی مدّت

1- بیماری کے باعث: 15 دن

2- حادثے کے باعث: انتظار کا کوئی دورانیہ نہیں

ب) غور وفکر کا دورانیہ: 30 دن

ج) ہسپتال میں قیام کی سالانہ حد: 180 دن

د) 24 گھنٹے کیلیے ہسپتال میں قیام

ہ) آمدنی کے تسلسل کا فائدہ بارہ مہینے کے مسلسل دورانئے کے لئے ادا کیا جائے گا

## اگر میں پلان سے غیر مطمئن ہوں تو؟

اگر آپ پلان سے غیر مطمئن ہوں تو 30 دن کا ایک غور وفکر (free look) کا دورانیہ ہے جس میں آپ پلان منسوخ کر سکتے ہیں اور اپنا پریمیئم واپس لے سکتے ہیں۔ لیکن یاد رکھئے کہ غور وفکر (free look) کے دورانئے کے بعد بیمہ کار یا بینک پریمیئم کی واپسی کی کسی بھی درخواست پر عمل درآمد نہیں کرے گا البتہ پلان کسی بھی وقت منسوخ کیا جا سکتا ہے۔

## اخراج کی مدّت سے کیا مراد ہے؟

اخراج کی مدّت کو انتظار کی مدّت بھی کہا جاتا ہے، یہ وہ وقت ہے جس کے بعد پالیسی کا تحفّظ شروع ہوگا۔ ہم نے ہسپتال نقد کیلیئے انتظار کا دورانیہ 15 دن رکھا ہے جس کے معنی ہیں کہ آپ کا تحفّظ آپ کی پالیسی کی خرید کے 15 دن بعد شروع ہوگا۔ البتہ، حادثاتی کلیم کی صورت میں اخراج کا کوئی دورانیہ نہیں ہے۔

## دعویٰ کیسے کیا جائے؟

بینیفشری (فائدہ حاصل کرنے والا) براہ راست ای ایف یو لائف سے (111-338-111) (111-EFU-111)، یا ہماری مخصوص کلیم ہیلپ لائن: 463-8466-051 یا claims@efulife.com پر رابطہ کرسکتا ہے یا یا دعویٰ درج کرانے کیلئے سونیری بینک کی

021-111-766-374 پر بھی رابطہ کرسکتا ہے۔ای ایف یو لائف کا نمائندہ پھر دعویٰ پر عمل درآمد سے متعلق اگلے اقدامات کے لئے بینیفشری (فائدہ حاصل کرنے والے) کی رہنمائی کرے گا۔ دستاویز کی ضروریات اور دعوے ہیلپ لائن

## دستبرداری

ای ایف یو رہبر–کمپلیٹ کور (pre-underwritten) پروڈکٹ ہے جو ای ایف یو لائف کی مقرر کردہ شرائط وضوابط کے تحت جاری کی جاتی ہے، جس کا مرکزی دفتر پلاٹ نمبر 112، 8th ایسٹ اسٹریٹ، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، فیز ا، کراچی، پاکستان 75500 پر واقع ہے۔ بینک ای ایف یو لائف کی جانب سے پلان کیلئے ایک کارپوریٹ انشورنس ایجنٹ کے طور پر کام کر رہا ہے۔ بینک آپ کی درخواست (درخواستوں) یا دعوے (دعووں) کے لئے کسی بھی طور ذمّہ دار نہیں ہوگا۔